20-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔صدر جمہوریہ مرمواور وزیر اعظم مودی نے اوڈیشہ کے رائرنگ پور میں 47 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

۲۔این ٹی اے نے نیٹ۔یو جی 2026ء کے دوبارہ امتحان سے قبل ملک بھر میں سیکورٹی کی تمثیلی مشق کی۔

۳۔سکندرآباد پریڈ گراؤنڈز پر بین الاقوامی یوم یوگا کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

۴۔تلنگانہ کے چیف الیکٹورل آفیسر نے ایس آئی آر 2026 پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت دی۔

۵۔وزیر سیتااکا نے حیدرآباد میں خواتین اور بہبودِ اطفال کی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

PM ODISHA VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی نے صدر جمہوریت دروپدی مرمو کی 68 ویں سالگرہ کے موقع پر ان کے ساتھ اوڈیشہ میں واقع ان کے آبائی گاؤں پہاڑ پور کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے قبائلیوں کی عقیدت گاہ مقدس درختوں کے جھنڈ میں پوجا کی، مقامی افراد سے بات چیت کی اور علاقہ کے مالامال قبائلی ورثہ اور دستکاری کی نمائشوں کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے اسکل ڈیولپمنٹ سنٹر اور ایس ایل ایس میموریل ریزیڈنشیل اسکول کا دورہ کر کے طلبہ کی حوصلہ افزائی بھی کی۔ بعد ازاں دونوں قائدین نے رائرنگ پور میں ریاستی حکومت کے دو سال مکمل ہونے پر منعقدہ ایک عوامی تقریب میں شرکت کی جہاں 47 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا گیا۔ Sound Byte

NSD

FDC

حکومت نے انسانی استعمال کے لئے  ایف ڈی سی  ادویات کی تیاری، فروخت اور تقسیم پر فوری اثر سے پابندی عائد کر دی ہے۔ یہ اقدام سپریم کورٹ کی ہدایت پر ڈرگس ٹیکنیکل ایڈوائزری بورڈ کے تحت قائم کردہ ماہرین کی کمیٹی کے جائزہ کے بعد اٹھایا گیا ہے جس میں پایا گیا کہ ان ادویات کے ملاپ کا کوئی طبی جواز نہیں ہے اور یہ صحت کے لئے خطرہ بن سکتی ہیں۔ پابندی عائد کردہ مصنوعات میں جلد، درد سے راحت، پیٹ درد کی دوا  اور اینٹی بائیوٹک پر مبنی بعض ادویات شامل ہیں۔ وزارت صحت اور خاندانی بہبود نے کہا کہ اس کارروائی کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ صرف محفوظ، موثر اور سائنسی طور پر تصدیق شدہ ادویات ہی دستیاب رہیں۔ ریاستی ڈرگ ریگولیٹرس اور نافذ کرنے والے اداروں کو اس پابندی پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

NSD

NEET-UG 2026

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی نے کل ہونے والے نیٹ یو جی  2026  کے دوبارہ امتحان کو پرامن اور محفوظ طریقہ سے منعقد کروانے کے لئے ملک بھر میں ایک تمثیلی مشق کی جس میں 2.5 لاکھ سے زیادہ سیکیورٹی ملازمینشامل ہوئے۔ یہ مشق 551 ہندوستانی شہروں اور بیرون ملک 14 شہروں کے امتحانی مراکز پر 22.79 لاکھ سے زیادہ امیدواروں کے لئے کی گئی۔ پین اور پیپر پر مبنی اس امتحان کے لئے کثیر سطحی سیکیورٹی فریم ورک تیار کیا گیا ہے جس میں سی سی ٹی وی نگرانی، بائیومیٹرک تصدیق اور جی پی ایس کے ذریعہ امتحانی مواد کی نقل وحرکت پر نظر رکھنا شامل ہے۔

NSD

AMIT SHAH

مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے مہاراشٹر کے وزیرِاعلیٰ دیویندر فڈنویس کی موجودگی میں کولہاپور میں 1,445 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے شری امبابائی مندر ترقیاتی پراجکٹ کا افتتاح کیا۔ اس منصوبہ کا مقصد تاریخی مندر کے احاطہ کو ایک جدید بنانا ہے جس سے مقامی مذہبی سیاحت کو فروغ ملے گا اور اس کے ثقافتی ورثہ کو تحفظ حاصل ہوگا۔

NSD

INTERNATIONAL YOGA DAY

یوگا کا 12 واں عالمی دن کل دنیا بھر میں صحت مند بڑھاپہ کے لئے یوگا کے موضوع کے تحت منایا جائے گا۔ وزیرِاعظم نریندر مودی کولکتہ کی تاریخی ریڈ روڈ پر مرکزی قومی تقریب کی قیادت کریں گے۔ اس کے علاوہ، وزارتِ ثقافت ملک کے 100 نامور مقامات پر تقاریب کا اہتمام کر رہی ہے جبکہ ہندوستانی مشنس دنیا بھر کے 2,500 مقامات پر یوگا تقاریب کے لئے تال میل کر رہے ہیں۔

NSD

YOGA DAY

سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ پر بین الاقوامی یوم یوگا کے ایک شاندار پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں عوام، طلبہ اور مختلف رضاکارانہ تنظیموں کے نمائندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا، مرکزی وزیر جی کشن ریڈی، سابق نائب صدر وینکیا نائیڈو کے ساتھ ساتھ ارکانِ پارلیمنٹ ای راجندر اور لکشمن، بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ اور فلم اداکار نوین پولیشیٹی کے ساتھ ساتھ ڈمپل حیاتے نے یوگا سیشن میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ Sound

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ یہ تقریب صحت وتندرستی کو فروغ دینے کے لیے ہر سال منعقد کی جاتی ہے، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یوگا کی باقاعدہ مشق مختلف بیماریوں سے بچاؤ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ Sound Byte

PTC/HYD

KTR

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے عادل آباد ضلع کے گاؤں پونا کا دورہ کیا تاکہ حال ہی میں خودکشی کرنے والے کسان پانڈورنگ کے ارکان خاندان سے تعزیت کرسکیں۔ کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ انتظامی غفلت اس سانحہ کا سبب بنی، انہوں نے واضح کیا کہ متاثرہ خاندان کو نہ تو زرعی قرضوں کی معافی ملی اور نہ ہی رعیّتو بندھو اسکیم کا فائدہ پہنچا۔ اس طرح کے واقعات کو سرکاری قتل قرار دیتے ہوئے انہوں نے متوفی کسانوں کے اہل خانہ کے لیے 25 لاکھ روپے معاوضہ اور اہل ارکان کو ملازمت دینے کا مطالبہ کیا اور ریاست کے دھانکی خریداری کے دعووں پر بھی سوال اٹھائے۔

PTC/ADILABAD

FERTILIZWR BOOKING APP

وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر کے ہمراہ نلگنڈہ میں فرٹیلائزر بکنگ ایپ کا افتتاح کیا۔ وزیر موصوف نے مانسون کے موسم کے لئے کھاد کی بلا تعطل فراہمی کا یقین دلایا اور بتایا کہ کسان اپنی زمین کی پاس بک اور فصل کی تفصیلات درج کر کے کھاد کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور یوریا بک کرنے کے لئے اس ایپ کا استعمال کرسکتے ہیں۔

PTC/NLG

SIR-2026 :

تلنگانہ کے چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ خامیوں سے پاک اور شفاف ووٹر لسٹ کو یقینی بنانے کے لئے ایس آئی آر 2026 پر سختی سے عمل درآمد کریں۔ نئے ووٹروں کے اندراج کے بند ہونے کے سلسلہ میں پھیلی افواہوں کو مسترد کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ بوتھ لیول آفیسرس 25 جون سے گھر گھر جا کر رجسٹریشن فارم تقسیم کریں گے۔ نئے ووٹر ان فارموں کا استعمال کرتے ہوئے 25 جولائی تک اپنا اندراج کرواسکتے ہیں اور کئی علاقوں میں تقریباً 80 فیصد میپنگ کا کام پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے۔ تصدیق کے لئے حکومت کی جانب سے جاری کردہ مختلف دستاویزات قبول کی جائیں گی۔ الیکشن کمیشن یکم اکتوبر کو حتمی انتخابی فہرست کی اشاعت سے قبل تمام طے شدہ سرگرمیوں کو مؤثر طریقہ سے مکمل کریگا۔

PTC/HYD

RAMCHANDER RAO :

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام لگایا ہے کہ وہ سنگارینی کوئلہ کے ایک بڑے اسکام کو چھپانے کے لئے مرکزی وزیر کشن ریڈی کے خلاف جھوٹا پروپگنڈہ کر رہے ہیں۔ ایک میڈیا بریفنگ کے دوران جہاں صنعت کار پھنی کمار نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی، راؤ نے ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا کہ اس نے 45 لاکھ میٹرک ٹن کوئلہ کی مبینہ گمشدگی کی تحقیقات کرنے والی بی جے پی کی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کو روکنے کے لئے پولیس کا استعمال کیا۔

PTC/HYD

LAXMAN :

راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر کے لکشمن نے آج کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گزشتہ 12 سالوں کے دوران فلاح و بہبود، بنیادی ڈھانچہ کی ترقی، خواتین کو بااختیار بنانے اور شفاف گورننس میں بے مثال ترقی دیکھی گئی ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو، حیدرآباد کے زیر اہتمام 'وارتا' میڈیا انٹرایکشن پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر لکشمن نے پردھان منتری آواس یوجنا، پی ایم سواندھی، پی ایم مدرا یوجنا، پردھان منتری اجولا یوجنا، آیوشمان بھارت اور پردھان منتری جن دھن یوجنا جیسے فلیگ شپ اقدامات پر روشنی ڈالی جنہوں نے کروڑوں لوگوں، خاص طور پر غریبوں، خواتین اور پسماندہ طبقات کی زندگیوں کو بہتر بنایا ہے۔

PTC/HYD

DANASARI SEETHAKKA :

وزیر بہبود خواتین واطفال سیتا اکا نے حیدرآباد میں مشن وتسالیہ، ساکشم آنگن واڑی اور مشن شکتی پر ایک ریاستی سطح کی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے حکام پر زور دیا کہ وہ کم عمری کی شادیوں اور بچوں کے استحصال کے خاتمہ کے لئے ذمہ داری سے کام کریں تاکہ تلنگانہ کو ایک محفوظ ریاست بنایا جاسکے۔ بے سہارا اور یتیم بچوں کے لئے مشن وتسالیہ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ ایسے واقعات پر فوری ردعمل ظاہر کریں اور متاثرین کو ہمدردی کے ساتھ کونسلنگ فراہم کریں۔

PTC/HYD

BC HOSTELS:

وزیر بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے پرجا بھون میں محکمہ کے حکام اور بی سی اسٹڈی سرکل کے ڈائرکٹروں کے ساتھ ایک جامع جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ روزگار کے مواقع بڑھانے کے لئے اسٹڈی سرکلز میں اصلاحات کریں اور سخت ڈائٹ مینو لاگو کر کے ہیلتھ چیک اپ کروا کر اور صفائی کو برقرار رکھتے ہوئے بی سی ہاسٹلس کی صورتحال کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔انہوں نے التوا میں پڑی فلاحی درخواستوں کو حل کرنے اور جولائی میں روایتی پیشوں کی ایک نمائش منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔

PTC/HYD

SAREE DISTRIBUTION :

حیدرآباد کے بنجارہ بھون میں اندرا مہیلا شکتی ساڑی تقسیم پروگرام منعقد ہوا جس میں وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔انہوں نے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی کی قیادت میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے ریاستی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔اس تقریب میں راجیہ سبھا کے رکن انیل کمار یادو، خیریت آباد کے ایم ایل اے دانم ناگیندر اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ پروگرام کا اختتام ساڑیوں کی تقسیم اور بڑی تعداد میں موجود مستفید خواتین کے ساتھ بات چیت پر ہوا۔

PTC/HYD

LOK ADALAT:

محبوب آباد ضلع عدالت کے احاطہ میں نیشنل لوک عدالت کا انعقاد کیا گیا جہاں سینئر اور جونیر سیول ججس کی نگرانی میں 779 مقدمات کو خوش اسلوبی سے حل کیا گیا۔ تصفیہ شدہ تنازعات میں 333 فوجداری مقدمات، ایک سیول مقدمہ، موٹر گاڑیوں کے حادثات کے کلیم کے 8 مقدمات اور ٹریفک کے 629 سمری مقدمات شامل تھے۔ اس کے علاوہ حادثات کے متاثرین کو جملہ 34.20 لاکھ روپے کا معاوضہ دیا گیا جس سے لوک عدالت کے ایک تیز رفتار اور کم لاگت والے تنازعات کے حل کے پلیٹ فارم ہونے کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔

PTC/MBBD

D.K. ARUNA :

محبوب نگر کی رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ 'اما پیرونہ' (ماں کے نام پر) مہم کے تحت ہر گھر کے صحن میں ایک پودا لگائیں۔ ونپرتی ضلع کے کوتہ کوٹہ میں ایک گرلز ہائی اسکول میں سوچھ بھارت پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے طالبات کے ساتھ پودے لگائے اور اسکول کے بنیادی ڈھانچہ کا معائنہ کیا۔ انہوں نے دیہی صفائی مہم اور 'بیٹی بچاو۔ بیٹی پڑھاؤ' جیسی مرکزی حکومت کی اسکیموں پر روشنی ڈالی جو تعلیم کے ذریعہ لڑکیوں کو بااختیار بناتی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ وہ خود بھی سرکاری اسکولوں میں پڑھی ہیں۔

PTC/MBBN

○○